**15.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................کونین حیدر

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور UAE کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان نے، ابوظہی میں توانائی سے متعلق تعاون اور دوطرفہ تجارت پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع، پیٹرولیم اور سرمایہ کاری کے میدانوں میں ایک-دوسرے کے ساتھ مفاہمت نامے کیے۔

☆ نئی دلّی میں برکس وزرائے خارجہ کی 2026 کی میٹنگ کا آج دوسرا دن ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اصلاح شدہ اور موثر کثیر ملکی نظام کے مقصد کو آگے بڑھانے میں بھارت کے عزم کو دوہرایا ہے۔

☆ NTA، نیٹ یو جی 2026 کا دوبارہ امتحان، 21 جون کو کرائے گی۔تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے امتحان کے عمل میں انصاف اور شفافیت کی یقینی دہانی کرائی ہے۔

☆ بی جے پی MLA رَتھیندر باسو کو، مغربی بنگال قانون ساز آسمبلی کا نیا اسپیکر منتخب کیا گیا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں بھارتی مردوں کی ستوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی، ڈبلس کی جوڑی، تھائی لینڈ اوپن کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئی۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - Visit to UAE**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج، متحدہ عرب امارات UAE کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سے ملاقات کی۔ بات چیت میں توانائی سے متعلق تعاون اور دو طرفہ تجارت، خاص موضوعات رہے۔ یہ بات چیت مغربی ایشیا میں جاری تنازعہ کی وجہ سے عالمی سپلائی میں رکاوٹوں کے پس منظر میں کی جارہی ہے، جس میں امید ہے کہ دونوں فریق تیل کے ذخیروں اور گیس سپلائی انتظامات کے بارے میں تبادلۂ خیال کریں۔

دورے سے پہلے، UAE کے بین الاقوامی تعاون کی وزیرمملکت ریم بنت ابراہم الہاشمی نے وزیر اعظم مودی کو، UAE میں ایک ممتاز شخصیت قرار دیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ یہ دورہ محض اِسی سال کے دوران اعلیٰ سطح کے بہت سے دوروں کے بعد کیا جارہا ہے۔

صدر شیخ محمد بن زائد نے بھارت کا دورہ جنوری میں اور ولی عہد شہزادہ نے فروری میں کیا تھا۔×

**Jaishankar BRICS**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، اصلاح شدہ اور موثر کثیر ملکی نظام کے مقصد کو آگے بڑھانے میں سبھی شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کا پابند ہے۔

نئی دلّی میں برکس وزرائے خارجہ کی، 2026 کی میٹنگ کے دوسرے دن ایک اوپن سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِن سرگرمیوں کی وسعت سے اِس بات کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے کہ سبھی رہنما، تیزی سے بدلتی ہوئی اِس دنیا میں، کثیر ملکی تعاون کو مستحکم بنانے میں شامل ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بین الاقوامی مالی طریقِ کار میں اصلاح کی، فوری ضرورت ہے۔

وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت نے اصلاح شدہ کثیر ملکی نظام کی لگاتار وکالت کی ہے، جو ایک ایسا ملک ہے، جو موجودہ دور کے حقائق کی عکاسی کرتا ہے اور اُبھرتی ہوئی مارکیٹس نیز ترقی پذیر ملکوں کی امنگوں پر کام کرتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہر ایک ملک کو نہ صرف عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے، بلکہ ایک مزید جمہوری، سب کی نمائندگی کرنے والے اور مساویانہ بین الاقوامی نظام کو تشکیل دینے کیلئے بھی ملکر کام کرنا چاہیئے۔×

**Jaishankar Iran FM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دِلی میں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جے شنکر نے بتایا کہ دونوں لیڈروں کے درمیان مغربی ایشیا کی صورتحال اور اس کے اثرات کے سلسلے میں بات چیت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے باہمی مفاد کے دوطرفہ معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے برکس کے وزرائے خارجہ کی 2026 کی میٹنگ میں جناب عراقچی کی شرکت کو بھی سراہا۔×

**Pradhan Briefing**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا ہے کہ طلباء، حکومت کی ترجیح ہیں اور وہ اِن کے تئیں حساس ہیں۔

نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے اعلان کیا ہے کہ NEET (UG) 2026 کا دوبارہ امتحان، اگلے مہینے کی 21 تاریخ کو کرایا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جو طلباء اِس امتحان میں دوبارہ شامل ہورہے ہیں، انہیں اگلے مہینے کی 14 تاریخ تک امتحان کیلئے ایڈمٹ کارڈ مل جائے گا۔

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا NEET (UG) امتحان، اگلے سال سے موجودہ OMR پر مبنی طریقِ کار کے بجائے، کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ کے طریقے سے کرایا جائے گا۔

**SB - Dharmendra Pradhan**

تعلیم کے وزیر نے اعتراف کیا کہ NTA کو واضح اصلاحات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں کوئی بدعنوانی نہ ہو، اِس کیلئے امتحان کے نظام کو مستحکم بنانے کے اقدامات کیے جائیں گے۔

جناب پردھان نے کہا کہ حکومت یہ نہیں چاہتی کہ کوئی مستحق طالب علم دھوکہ باز امیدواروں یا تعلیم کے مافیا کی سازشوں کی وجہ سے اپنے حقوق سے محروم ہوجائے۔×

**Yadav - Article**

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ آج دنیا، نہ صرف دلچسپی کے ساتھ بلکہ ستائش کے ساتھ بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔

ناروے کے ایک اخبار میں، ناروے کے سابق وزیر ایرک سولہیم کا تحریر کردہ ایک مضمون شیئر کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ اِس مضمون میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کی اقتصادی اور ماحول کیلئے سازگار ترقی نیز جمہوری طاقت اجاگر کی گئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں بھارت اُبھر رہا ہے اور اُسے عالمی سطح پر تسلیم کیا جارہا ہے۔×

**WB - Speaker**

رتھیندر باسو کو، مغربی بنگال قانون ساز اسمبلی کا، بلا مخالفت اسپیکر چن لیا گیا ہے۔ جناب باسو، جو بھارتیہ جنتا پارٹی کے ایک قانون ساز رکن کے طور پر کوچ بہار جنوب کی نمائندگی کرتے ہیں، انہوں نے اسمبلی انتخابات میں اپنی پہلی کامیابی کے بعد یہ عہدہ پہلی بار سنبھالا ہے۔ اُن کا انتخاب پروٹیم اسپیکر تپس رویے کی نگرانی میں آج صبح کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ سویندو ادھیکاری نے جناب باسو کا نام باقاعدہ طور پر تجویز کیا تھا۔ ایوان نے اِس تقرر کی صوتی ووٹ سے تصدیق کردی۔

ترنمول کانگریس کے ارکان، انتخابی عمل کے دوران موجود نہیں تھے، البتہ انہوں نے اجلاس میں بعد میں شرکت کی۔×

**Petrol Diesel CNG Hike**

عالمی سطح پر توانائی کی بڑھتی قیمتوں کے درمیان تیل کمپنیوں نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں تین-تین روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں پیٹرول کی قیمت 94 روپے 77 پیسے سے بڑھ کر 97 روپے 77 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی قیمت 87 روپے 67 پیسے سے بڑھ کر 90 روپے 67 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ اسی طرح ممبئی میں، فی لیٹر پیٹرول کی قیمت بڑھ کر 106 روپے 68 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی 93 روپے 14 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ کولکاتہ میں فی لیٹر پیٹرول 108 روپے 74 پیسے، جبکہ فی لیٹر ڈیزل 95 روپے 13 پیسے ہو گیا ہے۔چنئی میں پٹرول کی قیمت بڑھ کر 103 روپے 77 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی قیمت 95 روپے 35 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔

دوسری جانب، Indraprastha گیس لمیٹڈ نے بھی آج CNG کی قیمتوں میں دو روپے کا اضافہ کیا ہے۔ اب دِلی میں فی کلو گرام CNG کی قیمت 79 روپے 9 پیسے اور غازی آباد اور نوئیڈا میں 87 روپے 70 پیسے ہے۔ گروگرام میں CNG کی قیمت 84 روپے 12 پیسے فی کلو گرام ہوگئی ہے۔×

**Naidu - Yadav**

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائڈو نے مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو سے نئی دلّی میں ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نائڈو نے کہا کہ انہوں نے ریاست سے متعلق اہم ترقیاتی ترجیحات پر تفصیلی بات چیت کی۔ وزیر موصوف نے سب کی شمولیت والی ترقی اور سبھی کیلئے بہتر فضائی رابطوں کے، وزیر اعظم نریندر مودی کے تصور کے مطابق، مدھیہ پردیش میں ہوابازی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے اور علاقائی رابطوں میں اضافہ کرنے کے وزارت کے عزم کو دوہرایا۔×

**Badminton Open**

تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کی مردوں کی سرکردہ جوڑی ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی، آج بینکاک میں سیمی فائنلز میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے اکیس-بارہ، اکیس-تیرہ کامیابی حاصل کی۔ اِس جوڑی نے جاپان کی تاکوی نومورا اور یوئچی شِماگوی کو شکست دی۔ خواتین کے سنگلز میں دنیا کی 12 نمبر اور اولمپکس میں دو بار تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو نے جاپان کی اکانے یاماگوچی کو کوارٹر فائنل میں اکیس-انیس، اٹھارہ-اکیس اور پندرہ-اکیس سے شکست دی۔×

**IPL Cricket**

IPL کرکٹ میں، آج لکھنؤ میں، لکھنؤ سُپر جائنٹس کی ٹیم کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔

کل رات دھرم شالہ میں ہماچل پردیش کرکٹ ایسوی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلے گئے مقابلہ میں، ممبئی انڈینس نے پنجاب کنگس کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔

جیت کیلئے 201 رن کا پیچھا کرتے ہوئے، ممبئی انڈینس نے یہ ہدف 6 وکٹ اور ایک گیند باقی رہتے ہوئے حاصل کر لیا۔

اس سے قبل، پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے، پنجاب کنگس نے مقررہ 20 اوور میں 8 وکٹ کے نقصان پر 200 رن بنائے۔ تِلک ورما نے بِنا آؤٹ ہوئے 33 گیندوں میں شاندار 75 رن بنائے۔ تِلک ورما کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

**Ebola - Congo**

شمال مشرقی جمہوریہ کانگو میں Ebola وائرس پھوٹ پڑنے سے 35 افراد ہلاک اور سینکڑوں متاثر ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے یہ تشویش پیدا ہوگئی ہے کہ کہیں یہ بیماری، سرحدوں کے پار بھی نہ پھیل جائے۔ تقریباً 246 افراد کے بارے میں Ebola سے متاثر ہونے کا شبہ ہے۔ بیماریوں پر قابو پانے اور اِن کی روک تھام کے افریقہ کے مرکزوں نے بتایا کہ اِس سلسلے میں کارروائی کرنے کیلئے آج علاقائی صحت حکام نے ایک ہنگامی میٹنگ منعقد کی ہے۔×

**Hydrogen Bus - DMRC**

دلّی میٹرو ریل کارپوریشن نے آج پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت کے ساتھ ملکر قومی راجدھانی میں، ہائیڈروجن سے چلنے والی شٹل بس سروس کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد ایندھن کی کھپت میں کمی لانا اور سرکاری ٹرانسپورٹ کے استعمال میں اضافہ کرنا ہے۔

اِس پہل کے تحت، انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ نے DMRC کو ہائیڈروجن ایندھن والی دو جدید ترین بسیں فراہم کی ہیں، جن میں 35 مسافروں کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔

یہ بس GPS پر مبنی ٹریکنگ اور CCTV نظام سے لیس ہے، تاکہ اِس بات پر نظر رکھی جاسکے کہ آیا بس، بحفاظت، بروقت اور اپنے مقررہ راستے پر چل رہی ہے۔

یہ شٹل سروس کام کاج والے سبھی دن بھیڑ بھاڑ کے، دفتری اوقات کے دوران، مہیا رہے گی۔×

## CIA Direector-Cuba Visit

کیوبا میں جاری توانائی کے بحران کے دوران، CIA کے ڈائریکٹر Ratcliffe نے Havana میں کیوبا کے وزارت داخلہ کے حکام کے ساتھ ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں فریقوں نے ایک-دوسرے کو خفیہ معلومات فراہم کی اور سکیورٹی و معاشی استحکام جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

امریکہ نے کہا ہے کہ وہ کیوبا کے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہے، بشرطیکہ کیوبا خاطر خواہ اصلاحات کیلئے آمادہ ہو۔ کیوبا میں پابندیوں کے باعث تیل کی سپلائی میں کمی آئی ہے، جس سے وہاں ایندھن کا بحران پیدا ہوگیا ہے۔ اس سے نمٹنے کیلئے امریکہ نے کیوبا کو 10 کروڑ امریکی ڈالر کی مدد کا اعلان کیا ہے۔ ایندھن کی کمی سے کیوبا کے اسپتالوں، اسکولوں اور سرکاری دفتروں میں کام کاج پر اثر پڑا ہے۔

کیوبا نے کہا ہے کہ وہ امداد کے معاملے پر بات چیت کیلئے تیار ہے، لیکن اُس نے امریکہ سے اقتصادی بندشیں ہٹانے کی بات بھی کہی ہے۔ امریکی حکام نے کہا ہے کہ CIA کے ڈائریکٹر نے صدر ٹرمپ کا پیغام اُن کو پہنچایا ہے کہ وہ کیوبا کے معاشی اور سلامتی کے امور پر تعاون کیلئے تیار ہے، بشرطیکہ کیوبا پالیسی میں تبدیلی کرے۔×

## Italian Open

اٹالین اوپن ٹینس میں Elina Svitolina پولینڈ کے Iga Swiatek کو چھ-دو، چار-چھ اور چھ-دو سے شکست دے کر اپنے کیریئر میں تیسری بار روم ٹائٹل مقابلے میں پہنچ گئی ہیں۔ یوکرین کی 2017 اور 2018 میں چمپئن اپنی مسلسل جیت کے بعد پہلی بار فائنل میں واپس آئی اور اب ٹرافی کیلئے Coco Gauff سے مقابلہ کریں گی۔ Svitolina نے اس سال کے شروع میں Swiatek کو شکست دی تھی۔ دو گھنٹے 14 منٹ کے مقابلے میں 16 میں سے 11 بریک پوائنٹس بچائے، جن میں سبھی پانچوں فیصلہ کن سیٹ شامل تھے۔×

☆☆☆☆☆